Lesson No 75 (94 - 108)

① مخمصہ
② شتہ
③ یبلونکم

Root Words

یبلونکم ب-ل-و / ب-ل-ی جانچنا، پرکھنا، ٹھوک بجا کر جانچنا

کسی بھی چیز کا پورا بدلہ

ایسی بارش جو تیزی + شدت سے سب بہا لے جائے

وبال ← و-ب-ل ← کسی چیز میں تیزی، شدت + کثرت پائی جائے ۔ جو بھی تیزی سے گھاس مارنا

Tafseer — (94 - 108)

94 ← ایمان + آزمائش لازم و ملزوم ہیں۔

آزمائش آنے کی وجہ:
- اونچے درجے تک پہنچانے کیلئے
- گناہوں کی معافی کیلئے
- دعوے میں کتنا سچا ہے پرکھنے کیلئے

سب سے زیادہ پیغمبر آزمائے گئے۔

ایمان والوں کو آزمایا جاتا ہے ان کی تربیت کیلئے۔

* اہل عرب صحرا میں رہتے تھے۔ تفریح کیلئے ان کی بدووانہ زندگی میں وہ شکار کرتے تھے۔ ذریعہ معاش بھی یہی تھا۔

سورۃ المائدہ کے شروع میں ہے آیت نمبر 1

" غیر محلی الصید وانتم حرم "

حضرت ابو قتادہ (رض) کا واقعہ اور حدیبیہ کے سفر میں شکار بہت کثرت سے تھا اور ان کو حور اکھاجاتے تھی ہے اور پرندے + جانور کثرت میں نظر آرہے تھے ہے لیکن ان کی آزمائش تھی شکار ہاتھوں / تیروں کی زد میں تھا۔

عربی کا قول ہے انسان اس چیز کا حریص ہوتا ہے جس چیز سے منع کر دیا گیا ہے۔

یہودیوں کی آزمائش سورۃ الاعراف آیت نمبر 163

ہفتے کے دن مچھلیاں بہت آتی تھیں۔

آزمائش کا مقصد ایک عام زندگی میں حرام سے روکنا ہے۔

سورۃ یوسف آیت نمبر 23

حُرُمٌ مطلب

95 ← شکار نہیں کر سکتے نہ احرام کی (1) حالت میں + نہ حدودِ حرم میں (2)

النعم ← اونٹ، گائے، بھیڑ، بکری

اب جو وہ بدلہ دینا ہے تو اس مویشی کا رنگ، قد وغیرہ

کیسا ہو گا۔ اسکا فیصلہ دو عادل لوگ کریں گے۔

غلطی کرنے پر دل میں احساس ندامت پیدا ہوتا ہے تو پھر

گناہ کو مٹانے کیلئے / ~~معافی~~ کفارہ ہے۔

(5) جانور جن کا قتل جائز ہے۔ حدیث سے پتہ چلتا ہے۔

کوا، چیل، بچھو، چوہا، باولا کتا ← (صحیح مسلم + بخاری)

بھیڑیے، چیتے، درندے، شیر

محزآم — ھدیا الکعبہ

خلقت + قیمت ← اگر اسکا برابر نہیں مل رہا تو ~~[illegible]~~ قیمت دیکھی جائے گی۔

سارے بڑے جانور کا قد و قامت دیکھا ہے۔

ہرن ← بکری

نیل گائے ← گائے

Missing Tafseer from Ayah No - 95 last part to 100.

96 ← وطعامہ ← سمندر سے باہر مچھلی صید البحر ← سمندر کے اندر / زندہ پکڑی ہوئی مچھلی

سمندر کا مردار بھی حلال ہے۔

حدیث آپ نے فرمایا

"ہمارے لیے دو مردار اور دو خون حلال کر دیے گئے۔

مچھلی / ٹڈی کلیجی / تلی"

97 ← امن و ایمان کے چار مقاصد

خانہ کعبہ کے مختلف نام

① کعبہ ② البیت ③ بیت ~~العتیق~~ الشریف ④ حرم ⑤ بیت الحرام

⑥ مسجد الحرام

100 ← طیب کتابیں حقیر اور کم ہیں اور خبیث کتابیں شاندار اور کثرت میں ہیں۔ اللہ سبحان و تعالیٰ کی ~~نظر~~ ترتیب میں طیب کی زیادہ اہمیت ہے بجائے خبیث کے۔

۱۰۱ سوال پوچھتے ہوئے دھیان رکھو کہ مفید ہیں کہ نہیں۔
سوال تب پوچھیں جب کچھ واضح نہ ہو۔
بنی اسرائیل کا معاملہ ← وہ وحی پر اعتراض کرتے تھے اور وہ منکر ہو گئے۔ سورۃ البقرہ میں گائے کا واقعہ

حضرت ابو موسیٰ اشعری بتاتے ہیں۔
* ایک دفعہ لوگوں نے بہت سوال پوچھے کہ آپ کو ناگوار گزرا پھر آپ نے کہا کہ اب جو چاہو پوچھ جاؤ۔ ایک شخص
① عبداللہ بن حذافہ ← میرا باپ کون ہے آپ نے فرمایا حذافہ تمہارا باپ ہے
② سعد بن سالم ← " ← سالم۔ شیبا کا غلام۔
حضرت عمر رض نے آپ کے چہرے میں غصے کے آثار دیکھے تو کہا اللہ عزوجل کی بارگاہ میں توبہ کرتے ہیں۔ (بخاری)

* ایک شخص نے پوچھا میرا باپ کہاں ہے آپ نے فرمایا دوزخ میں۔ (بخاری)
* حضرت سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں۔
بڑا قصوروار وہ مسلمان ہے جو ایک ایسی بات پوچھے جو حرام نہیں ہے اور اسکی وجہ سے ہو جائے۔
آپ نے فرمایا۔ پرہیز کرو نہ پوچھو
بک بک کرنے / زیادہ سوال کرنے / مال و دولت ضائع کرنے
ماؤں کو ستانے / لڑکیوں کو زندہ درگور کرنے سے / دوسروں کا حق مارنے
۱۰۱ کا شان نزول میں واقعہ
← ایک شخص عقبہ بن حابث کھڑا ہوا۔ آپ خطبہ دے رہے تھے کہا یا رسول اللہ کیا حج ہر سال فرض ہے آپ چپ رہے پھر پوچھا کہا نہیں اگر میں ہاں کر دیتا تو ہر سال فرض ہو جاتا اور تم نبھا نہ پاتے۔

* حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ
آپؐ نے فرمایا جو میں نہ کہوں وہ تم بھی نہ کہو۔ تم سے پہلے
لوگ اس لیے زیادہ سوال کرنے + نبیوں سے اختلاف کرنے
کی وجہ سے تباہ ہو گئے۔ (امام مسلم)

* سوال پوچھتے ہوئے سامنے والے کو دھیان میں رکھیں اسکا
وقت کا بھی دھیان رکھیں۔

103 ← اہل عرب کی غلط رسموں کو ختم کیا۔
ان مختلف جانوروں کو دیوی/دیوتا کے نام پر چھوڑ دیتے تھے پھر
اس سے کوئی کام نہ لیتے تھے اور قربان کرنا سب حرام سمجھتے تھے۔

بحیرہ ← اونٹنی جس نے (5) بچے جنے
سائبہ ← اونٹنی " " (10) " آخری دفعہ مادہ جنے
وصیلہ ← وہ بکری کا بچہ (Male) جو پیدا ہو جو بُتوں کے نام پر قربان کر دیا جاتا
حام ← اونٹ کا بچہ اگر سواری دینے کے قابل ہوتا تو اونٹ
کو آزاد چھوڑ دیا جاتا تھا۔

104 ← A lot of → About periods
myth there same about after
pregnancy days — Islam give us
easy path to follow.
اپنے آباؤ اجداد کو ماننے کی بجائے قرآن و سنت کی
پیروی کریں۔

105 ← نیکی کا حکم دیں اور برائی سے منع کریں لیکن وہ
کیسے اعمال کرتے ہیں آپ کا مسئلہ نہیں۔ آپ کا
کام اللہ کا حکم پہنچانا تھا۔

سورۃ آل عمران 104 ← و ینھون عن المنکر

حضرت ابوبکر صدیق رضہ نے خطبہ دیا تھا۔

کہ تم لوگ اس آیت کا مطلب غلط لیتے ہو۔ (غلط تعویل) یعنی صرف
اپنی نجات کی فکر کرو۔ آپ نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ کو
یہ فرماتے سنا ہے کہ جب لوگوں کا یہ حال ہو جائے کہ وہ
غلط کو دیکھ کر برائی کی کوشش نہ کریں۔ ظالم کو ظلم کرتے
دیکھ کر اسکا ہاتھ نہ روکیں۔ بعید نہیں کہ اللہ اپنے عذاب میں
سب کو لپیٹ لیں۔ خدا کی قسم تم پہ لازم ہے کہ بھلائی کا حکم
دو اور برائی سے روکو۔ ورنہ تم پر اللہ ایسے لوگوں کو مسلط کرے
گا جو تم میں سب سے برے ہوں گے اور تم کو تکلیف پہنچائیں
گے اور نیک لوگوں کی دعا مانگنے پر قبول نہیں ہوگی۔

① کسی کا مال حقدار تک پہنچانا نیک عمل ہے۔ ← 108 ← 106

② اس میں عدل کیا جائے رشتے داری/قرابت کا لحاظ نہ رکھیں

③ یہ بات اللہ کی گواہی ہے مطلب اللہ تعالیٰ یہ بات دیکھ اور سن رہے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رض فرماتے ہیں ایک سہمی سفر میں
بنو سہم کا ایک آدمی۔ تمیم داری اور عدی کے ساتھ سفر پر نکلا۔
سہمی راستے میں مر گیا۔ یہ دونوں غیر مسلم اسکا ترکہ لے کر آئے جس
میں اسکے رشتے داروں نے ایک پیالہ نہ پایا۔ جو چاندی کا تھا اور
سونے سے نقش و نگار بنے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے دونوں کو قسم کھانے کو
کہا اور انہوں نے کھائی۔ پیالہ مکہ کے بازار سے مل گیا اور انہوں
نے بتایا کہ انہوں نے دو غیر مسلموں تمیم داری اور عدی سے خرید لیا ہے۔
پھر دو لوگوں نے اٹھ کر اللہ کے نام کی قسم کھائی کہ وہ ہمارے ہی
آدمی کا ہے اور یہ آیات نازل ہوئیں۔ (بخاری)

- مرتے وقت وصیت کے بارے میں گواہی کا نصاب

مرتے وقت گھر میں - دو عدل والے مسلمان
اگر مسلمان نہ ہوں تو دو عدل والے غیر مسلم کو
گواہ ~~بنا~~ بنالیں۔

اور اگر کوئی شک ہو ان پر تو نماز کے بعد ان
کو قسم کھانے کا کہیں۔ اور اگر right یا left
کریں تو دو اور لوگ لے لیں۔